حمد باری

عزاسمہ

حمد کے لائق ہے یارب تیری ذاتِ کبریا امرِ کُن میں رازِ تخلیقِ جہاں مضمر کیا

گنبد گردوں کو بخشے انجم و شمس و قمر انجم و شمس و قمر کو دے دیا نور و ضیا

ابر کو باراں عطا کی خاک کو روئید گی گُل کو بخشا رنگ و بو اور شاخِ تر کو پھل دیا

کر دیا مٹی کو تونے لعل و گوہر سیم و زر قطرۂ باراں کو تونے لؤلوئے لالہ کیا

آب و گِل کو تن دیا اور تن کو بخشی جانِ پاک رتبہ انساں کو دیا فی اَحْسَنِ التَّقْوِیْم کا

انبیاء و مرسلیں بھیجے ہدایت کے لئے چار سو عالم میں پھر توحید کا چرچا ہوا

خیرِ امت میں کیا مبعوث ختمِ المرسلیںؐ معجزہ اس فخرِ عالمؐ کو دیا قرآن کا

بھیج یارب سرورِ دیںؐ پر ہزاروں رحمتیں

آلؓ اور اصحابؓ پر بھی روز و شب صبح و مسا

حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ

رحمۃ اللہ علیہ